| پہلی سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 4 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| باب اوّل: قرآن مجید و حدیثِ نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: حفظِ قرآن مجید (سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ) |
|---|---|

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ کو حفظ کر سکیں۔
- قرآن مجید کی سُورتوں کو درست تلفّظ اور روانی کے ساتھ زبانی یاد کر سکیں اور اُنھیں نماز میں اور نماز کے علاوہ زبانی پڑھ سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

## سبق کا تعارف: 10 منٹ

تختہ تحریر پر سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے پوچھیں آپ نے پہلے کون سی سورت یاد کی تھی۔ ان سے سورۃ الماعون کے بارے میں سوال کریں کہ سورت کی آیات کی تعداد کتنی ہے؟ اور قرآن مجید کے کس پارے میں ہے۔

طلبہ کو سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ کا مختصر تعارف دیں کہ یہ مکّی سورت ہے اس میں 6 آیات ہیں۔

## طریقہ تدریس: 20 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو قرآن مجید کا مختصر تعارف دیں۔ انھیں بتائیں قرآن مجید اللہ تعالیٰ کا کلام ہے اور اس کو سمجھنا، پڑھنا اس کی تعلیمات پر عمل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔
- طلبہ سے قرآن مجید کی سورتوں کی تعداد پوچھیں۔ طلبہ کو بولنے کا موقع دیں اور درست جواب کی صورت میں ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
- طلبہ کو بتائیں سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ مکّی سورت ہے اور اس میں 6 آیات ہیں۔
- تختہ تحریر پر آیت کا نشان بنائیں۔ طلبہ کو بتائیں یہ آیت کا نشان ہے اس نشان پر وقف کرنا چاہیے۔

- طلبہ کو بتائیں آج ہم سُوۡرَۃُ الۡکٰفِرُوۡنَ کی پہلی دو آیات درست تلفّظ کے ساتھ زبانی یاد کریں گے۔

اساتذہ کرام، پہلے خود سُوۡرَۃُ الۡکٰفِرُوۡنَ کی پہلی دو آیات کی تلاوت کر کے سنائیں۔
( قُلۡ یٰۤاَیُّهَا الۡکٰفِرُوۡنَ ۙ﴿۱﴾ لَاۤ اَعۡبُدُ مَا تَعۡبُدُوۡنَ ۙ﴿۲﴾ )اور طلبہ کو ہدایت دیں کہ سبق توجّہ اور ادب سے سنیں۔

- ہر بچّے کے تلفّظ اور ادائی پر خاص توجہ دیں۔ طلبہ کو ہدایت دیں آیات کو پانچ سے سات بار دہرائیں اور زبانی یاد کریں۔
- طلبہ کو سورت میں موجود رموزِ اوقاف کی وضاحت کریں۔

**اعادہ:** **8منٹ**

سُوۡرَۃُ الۡکٰفِرُوۡنَ کی پہلی دو آیات کی تلاوت درست تلفّظ سے پڑھائیں۔

**جائزہ:**

N/A

**گھر کا کام:** **2منٹ**

سُوۡرَۃُ الۡکٰفِرُوۡنَ کی پہلی دو آیات درست تلفّظ سے زبانی یاد کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی:2 |
| اُستاد کا نام:______ | ہفتہ:4 | تاریخ:______ | وقت:40منٹ |

| | |
|---|---|
| باب اوّل: قرآن مجید و حدیثِ نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: حفظِ قرآن مجید (سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ) |

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ کو حفظ کر سکیں۔
- قرآن مجید کی سُورتوں کو درست تلفّظ اور روانی کے ساتھ زبانی یاد کر سکیں اور اُنھیں نماز میں اور نماز کے علاوہ زبانی پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ کا عنوان لکھیں طلبہ سے سورت کے متعلق سوالات پوچھیں:

(الف) سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ قرآن مجید کے کس پارے میں ہے؟

(ب) سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ میں کتنی آیات ہیں؟

طلبہ کو بتائیں سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ قرآن مجید کی 109 نمبر سورت ہے۔ ثواب کے اعتبار سے یہ سورت چوتھائی قرآن کے برابر ہے۔ حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے بعض صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو سونے سے پہلے اس سورت کے پڑھنے کی تلقین کی اور خود بھی آپ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ بستر پر لیٹ کر یہ سورت پڑھا کرتے تھے۔

**طریقہ تدریس:** 25منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 4 سے سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ کی تلاوت کریں اور طلبہ کو ہدایت دیں کہ وہ بھی آپ کے ساتھ ساتھ پڑھیں۔

- طلبہ سے پوچھیں کہ سُوْرَۃُ الْکٰفِرُوْنَ کی کتنی آیات ہیں؟ طلبہ کے ساتھ آیات کی تعداد خود بھی گنتے جائیں اور انھیں بتائیں کہ ہم سُوْرَۃُ الْکٰفِرُوْنَ کی پہلی دو آیات یاد کر چکے ہیں۔ آج ہم اس کی اگلی دو آیات زبانی یاد کریں گے۔
- استاد پہلے خود سُوْرَۃُ الْکٰفِرُوْنَ کی پہلی چار آیات (قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝١ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝٢ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝٣ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝٤) کی لفظ بہ لفظ تلاوت کریں اور پھر طلبہ کو ہدایت دیں کہ وہ ہر لفظ کو درست مخارج کے ساتھ اعراب کا خیال رکھتے ہوئے صحیح تلفّظ سے ادا کریں۔
- طلبہ کو آیات کی بار بار پڑھائی کروائیں تاکہ ان کو ذہن نشین ہو جائے۔
- جماعت میں موجود ہر بچے سے سُوْرَۃُ الْکٰفِرُوْنَ کی تلاوت کروائیں۔
- طلبہ کو ہدایت دیں کہ سورت کو اچھی طرح زبانی یاد کریں اور نماز میں پڑھا کریں۔

**اعادہ:** **2منٹ**

سُوْرَۃُ الْکٰفِرُوْنَ کی پہلی چار آیات کی تلاوت کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

پڑھائی گئی پہلی چار آیات طلبہ سے زبانی سنیں۔ اچھا سبق سنانے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں اور جو طلبہ پڑھائی میں کمزور ہیں ان پر توجہ دیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

گھر میں کسی بڑے کو سُوْرَۃُ الْکٰفِرُوْنَ کی تلاوت سنائیں۔

| سبقی منصوبہ بندی: 3 | مضمون: اسلامیات | جماعت: چہارم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 4 | اُستاد کا نام: ______ |

| سبق کا نام: حفظِ قرآن مجید (سُوۡرَةُ الۡكٰفِرُوۡنَ) | باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- سُوۡرَةُ الۡكٰفِرُوۡنَ کو حفظ کر سکیں۔
- قرآن مجید کی سُورتوں کو درست تلفّظ اور روانی کے ساتھ زبانی یاد کر سکیں اور اُنھیں نماز میں اور نماز کے علاوہ زبانی پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سُوۡرَةُ الۡكٰفِرُوۡنَ کا عنوان لکھیں طلبہ کو اس سورت کا شانِ نزول بتائیں۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیان کیا ہے کہ قریش نے حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کو دعوت دی کہ وہ آپ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کو اتنا مال دیں گے کہ آپ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ مکّہ مکرمہ میں انتہائی دولت مند اور خوش حال آدمی بن جائیں گے اور کہا آئیں آپ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ اس کی عبادت کریں جس کی ہم عبادت کرتے ہیں اور ہم اس کی پرستش کریں گے جس کی آپ پرستش کرتے ہیں۔ تاکہ ہم اور آپ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ تمام امور میں باہم شریک ہو جائیں۔ پس اگر وہ دین زیادہ صحیح ہے جس پر ہم ہیں اس دین سے جس پر آپ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ ہیں تو آپ اس سے حصّہ لے لیں گے اور اگر وہ دین جس پر آپ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ ہیں اس سے زیادہ صحیح ہے جس پر ہم ہیں تو ہم اس سے حصّہ لے لیں گے۔ اللہ تعالیٰ نے اس کے جواب میں سُوۡرَةُ الۡكٰفِرُوۡنَ نازل فرمائی۔

**طریقہ تدریس:** 20 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ سے سُوۡرَةُ الۡكٰفِرُوۡنَ کی پہلی چار آیات کی تلاوت زبانی سنیں۔
- اس بات کا خاص خیال رکھا جائے کہ بچّے ہر لفظ کو درست مخارج کے ساتھ اعراب کا خیال رکھتے ہوئے صحیح تلفّظ سے ادا کریں۔

- طلبہ کو بتائیں آج ہم سُوۡرَۃُ الۡکٰفِرُوۡنَ کی آخری تین آیات
(وَلَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدۡتُّمۡ ۙ﴿۴﴾ وَلَاۤ اَنۡتُمۡ عٰبِدُوۡنَ مَاۤ اَعۡبُدُ ؕ﴿۵﴾ لَکُمۡ دِیۡنُکُمۡ وَلِیَ دِیۡنِ ٪﴿۶﴾) زبانی یاد کریں گے۔ مشکل الفاظ کو سمجھ کر کے پڑھائیں۔
- انھیں مکمل سورت بار بار پڑھوائیں تاکہ انھیں ذہن نشین ہو جائے۔
- سورت میں موجود رموزِ اوقاف کی وضاحت کریں۔
- طلبہ کو مکمل سورت یاد کروانے کے لیے ان کی تعداد کے مطابق گروپ بنائیں۔ ہر گروپ کا لیڈر مقرّر کریں اور ہدایت دیں کہ گروپ میں موجود ہر بچے کو سُوۡرَۃُ الۡکٰفِرُوۡنَ زبانی یاد کروائیں۔

**اعادہ:**

N/A

**جائزہ:** 8منٹ

طلبہ سے سُوۡرَۃُ الۡکٰفِرُوۡنَ کی تلاوت زبانی سنیں اور جن طلبہ کو پڑھنے میں دقّت محسوس ہو انھیں لفظ بہ لفظ تدریس کروائیں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

سُوۡرَۃُ الۡکٰفِرُوۡنَ درست تلفّظ سے زبانی یاد کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

سُوۡرَۃُ الۡکٰفِرُوۡنَ سے متعلق معلومات لکھیں۔

# سُوۡرَۃُ الۡکٰفِرُوۡنَ

آیات کی تعداد: ______________________

پارہ نمبر: ______________________

سورت نمبر: ______________________